Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان میں امریکہ کے سفیر ڈونلڈ بلوم کی قومی اسمبلی میں قائدِ حزبِ اختلاف اور مرکزی سیکرٹری جنرل پاکستان تحریک انصاف عمر ایوب خان سے ملاقات

6 مئی 2024

- چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان، سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور مرکزی سیکرٹری اطلاعات رؤف حسن بھی موجود
- پاکستان میں جمہوریت کی حالت اور قانون کی حکمرانی کی صورت حال پر تفصیلی تبادلۂ خیال
- ملک میں بنیادی انسانی حقوق کی کیفیت اور معیشت کی صورتحال پر بھی مفصل بات چیت
- عوام کے ووٹ کے حق کے خلاف ریاستی یلغار، بنیادی سیاسی آزادیوں پر عائد اعلانیہ اور غیر اعلانیہ قدغنوں اور اظہار و ابلاغ کی آزادیوں کے خلاف غیر قانونی انتظامی اقدامات پر بھی گفتگو
- بانی چیئرمین عمران خان، ان کی اہلیہ، تحریک انصاف کے مرد و خواتین قائدین کارکنان سمیت سینکڑوں سیاسی قیدیوں کے خلاف ماورائے دستور و قانون سیاسی انتقام کے رواں سلسلے پر بھی بات چیت
- بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر امریکی محکمۂ خارجہ کی حالیہ رپورٹ کے مندرجات پر بھی گفتگو
- پاکستان نہایت سنگین نوعیت کے سیاسی، آئینی اور معاشی بحرانوں کی زد میں ہے۔
- آئین سے سنگین انحراف اور قانون کی حکمرانی کی بدترین صورتحال سب سے بڑھ کر معیشت کی تباہی کا پیش خیمہ بن رہی ہے۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- آئین کی جانب سے شہریوں کو فراہم کردہ بنیادی حقوق، سیاسی آزادیاں اور ووٹ کا حق ملک میں سیاسی استحکام کے ضامن ہیں۔
- پاکستان تحریک انصاف باہم گہرے کاروباری اور معاشی روابط کی ایک طویل تاریخ رکھتے ہیں جبکہ امریکہ پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی پارٹنر ہے۔
- معاشی ترقی کا کوئی کلیہ قانون کی حکمرانی کے بغیر کارگر ثابت نہیں ہو سکتا۔
- دوطرفہ منفعت کیلئے باہمی اعتماد اور احترام کی بنیاد پر امریکہ کے ساتھ تعلقات کے تسلسل اور ان میں وسعت کے خواہاں ہیں۔
- امریکی سفیر کی جانب سے پاکستان کی کثیر الجہتی ترقی میں بطور شراکت دار کردار ادا کرتے رہنے کے عزم کا اعادہ
- ملاقات میں دونوں اطراف سے باہمی روابط کے تسلسل پر بھی اتفاق

---قائدِ حزبِ اختلاف قومی اسمبلی و مرکزی سیکرٹری جنرل پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ